اللھم انی اسئلك باسمائك الشریفة الكریمیة اكمیاركة المخزونة المكنونة التی لا یجاو زھن برولا فاجر الحب فلان بن فلان علے حب فلان بن فلان بحق ایاك نعبد و ایاك نستعین بحق اھیا اشراھیا احبادث ال شدای سلام علی نوح فی العلمین و صلی اللہ تعالٰی علی خیر خلقه محمد و اله اجمعینo

برائے محبت:

اس کو جمعۃ المبارک کے دن ہرن کی کھال پر لکھ کر عود ولوبان کی دھونی دے کر لپیٹ لیں اور سرخ ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر انار کے پیڑ میں لٹکائے، محبت پیدا ہوگی۔

۷۸۶

۴	—	۱
۲	۵	۸
۹	الحب فلاں بن فلاں علے حب فلاں بن فلاں بے قرار شود	۶

برائے محبت:

اس کو لکھ کر کسی میٹھی چیز میں پلائیں، انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
والقيت	عليك	محبة	منى
عليك	محبة	منى	ولتصنع
محبة	منى	والتصنع	على
منى	ولتصنع	على	عيسى

الحب فلان بن فلان علے حب فلان بن فلان تابعدار شود بے قرار شود مطیع شود

محبة عظيمة:

تاخز قطعة سكر بنات و تقراء عليها قوله تعالىٰ و ذللنا مالهم فمنها ركوبهم ومنها ياكلون تكررها اربعة عشر مرة و تذكر و تكرار اسم المطلوب فى كل مرة و توكل خدام الآية بالقاء المحبة ثم تعطيهم المطلوب يا كلها فانها من المجربات الصيحة القاطعة والغزاة فى ساعة سعيدة: هبة المنان فى تسخير ملوك الجان صفحہ 17

ایک ٹکڑا سکر بنات کا لیں۔ اس کے اوپر یہ آیت چودہ مرتبہ پڑھیں۔ ہر آیت کے ایک بار پڑھنے کے بعد اسم مطلوب مع والدہ وتوکل خدام الآیت بالقاء لمحبت پھر مطلوب بے قرار ہوگا۔ سکر بنات کو کھلائیں، کسی اچھی ساعت میں یہ عمل پڑھیں۔ مجرب ہے۔ مترجم کرمانی

محبة تهييج:

يكتب على بيضة دجاجة سوداء يوم السبت بنت يومها والبخور كندر و تفاح الجان واثر المطلوب و يكون العمل فى ساعة المشترى بعد العشاء و توضع البيضاء فى نالية و تسخير و تعدم بعد اسم المطلوب فما يتم صرف البيضة و تمام العداد الا والمطلوب يحضر عندالطالب ولوليلا و ان تاخر اتلى الغريمة و بخور المذكور الى ثلاث مرات و هذا ما تكتب على البيضة بمسك و زعفران و ماء ورد تقول شهشه ٥ اكشكة مهولة هيلة خطوفة فحطوفة تو كاوا يا خدام هذه الاسماء و اخطفوا قلب و عقل فلانة بنت فلانة بمحبة فلان ابن فلانة الواحا العجل الساعة العزيمة التى تتلى على البيضاء و هى فى النار و تقول۔ بهرقع بلخ يبوخ اينك يا عبدالله المذهب اينك يا نصرانى اينك يا ابيض انيك يا فراز الاحمد اينك يا زوبعة يا صاحب الرؤس الاربعة اينك يا ميمون يا ابونوح اينك يا سمعان الماكر بن ياسر هم اينك طهوش يا صاحب المنافع الكبار اقسمت عليكم يا معاشر الارواح الروحانئين ان توجهوا هذه الليلة و فى هذه الساعة الى فلانة بنت فلانة اسراع من البرق الخاطف والريح العاصف بحق هذه السماء عليكم و طاعتها لديكم الوحا العجل الساعة۔ بارك الله فيكم و عليكم مجرب صحيح تم وكمل۔ هبة المنان فى تسخير ملوك الجان صفحہ 4

ترجمہ: اس کو لکھو اور بیضہ مرغی سیاہ کے ہفتہ کا دن گزر جائے۔ بخور جلاؤ، سیب رکھو، دیوانہ ہوگا، اثر ہوگا مطلوب پر اور یہ عمل کرو ساعت مشتری میں بعد نماز عشاء۔ رکھو بیضہ آتش میں قربت ہوگی اور مسخر ہوگا۔ تیرا عزم پورا ہوگا۔ اسم مطلوب پس اس کو تمام کرو۔ بیضہ پر تمام العداد مگر اور مطلوب حاضر ہوگا۔ نزدیک طالب کے اور اگر رات اور بیشک مؤخر کرو باقی عزیمت اور بخور تین مواقع پر جلاؤ (لکھتے وقت، دفن کرتے وقت، پڑھتے وقت) اور یہ جب لکھو اوپر بیضہ کے مشک اور زعفران اور عرق گلاب سے۔ یہ لکھو۔ شہشہ سے لے کر اساعۃ تک۔ یہ پڑھو بیضہ دفن کرتے وقت آگ میں بھرقع سے لے کر اساعۃ تک اللہ برکت فرمائے گا۔ اس میں مجرب صحیح ہے، تمام ومکمل ہے۔

نوٹ: قارئین کرام اس کتاب کا ہر ایک عمل تیر بہدف ہے۔ یہ الازہر قاہرہ مصر سے مجھے ملی ہے۔ عربی میں ہے، مصری خط میں ہے۔ فرید عمدہ روجذھرہ الحکیم ہرمس الھد اسمہ کی تالیف ہے، بہت ہی پرانی کتاب ہے۔ میں نے اس کا ہر ایک عمل آزمایا، مجرب پایا۔ اگر کسی کو ضرورت ہو تو فوٹو کاپی منگوا سکتا ہے۔

کمالاتِ جفر (اوجِ شمس)

از تحریر: حکیم سرفراز احمد زاہد ملتان

ایک نہایت موثر اور باقوت وقت برائے تخفیف ملازمت کا خوف تسخیر قلوب افسران

18 اپریل 2011ء کو شرف شمس گزرا ہے۔ اس کی روحانیت اور افادیت سے خوب استفادہ کیا گیا ہے اور جو لوگ کسی وجہ سے اس وقت سے مستفید نہ ہو سکے۔ ان کے لیے ایک اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور فضل و کرم موقع آیا ہے۔ یہ صفت اوجِ شمس کا ایک نہایت موثر اور باقوت ہے۔ شمس کے اعمال تمام اعمال میں بہترین اور موثر ہوتے ہیں۔ جس عزت اور مرتبہ کو قائم رکھنے کے لیے کوششیں کی جاتی ہیں۔ جب شمس چلتا ہوا برج سرطان کے 19 درجے پر آتا ہے تو اسے اوج کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ اس دوران بہت سے مختلف اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔ خصوصاً ایک کام زیادہ اہمیت کا حامل ہے، جسے سرانجام دیا جاتا ہے۔ یہ کام ان لوگوں سے متعلق ہے وہ جو اپنے ساتھیوں سے آگے بڑھ جانا چاہتے ہیں۔ ترقی اور اقتدار کی خواہش بھی رکھتے ہیں یا وہ لوگ جن کی ترقی رُکی ہوئی ہو اور وہ شخص افسران کی نظروں میں خوشامد پرست اور موقع پرست لوگوں کی وجہ سے بے وقعت ہو گئے ہوں۔ ترقی تو ایک طرف عزت پر بھی صرف آ رہا ہو اور ملازمت بھی خطرے میں ہو اور یہ اکثر ہوتا ہے۔ ایک صاحب کراچی میں پی آئی اے میں گذشتہ 26 سال سے ملازمت کرتے ہیں، سپروائزر کی پوسٹ ہے لیکن ترقی رُکی ہوئی، حق دار بھی ہیں۔ لیکن سفارشی اور سیاسی اثر و رسوخ کے حامل شخص نے ان کا حق مار کر استحقاق نہ ہونے کی بنا پر ان صاحب کی جگہ وہ عہدہ حاصل کر لیا ہے اور ان صاحب کو اس شخص کے زیرِ نگرانی کام کرنے کا حکم ہے اور یہ شخص ان صاحب کی قدم قدم پر بے عزتی کرتا ہے، ان کی عزت نفس مجروح کرتا ہے۔ وہ مجبور صاحب کہنے لگے کہ اب تو دل کرتا ہے خودکشی کر لوں۔ اس شخص نے میری زندگی اجیرن کر دی ہے۔ وہ چاہتا ہے میں نوکری چھوڑ دوں۔ میں جوان بچیوں کا سرپرست ہوں، کیسے رزق چھوڑ دوں۔ میں نے انہیں اوجِ شمس بنوا کر پاس رکھنے کا مشورہ دیا اور یہی اِن کا حل ہے، یہی کام شرف عطارد میں بھی ہوتا ہے۔ لیکن بقائی عزت و مرتبہ کے لیے اوجِ شمس موثر ترین ہے۔ اس کے علاوہ وہ افراد جن کی خاندان میں کوئی عزت نہ ہو، جیسے کسی بہو کی سسرال میں عزت نہ ہو یا وہ لوگ جو میدانِ سیاست میں کامیابی کے حصول کے خواہش مند ہوں اور ایسے لوگ جن کو دشمنوں کی ریشہ دوانیوں کا ڈر ہو یا کسی بھی میدان میں مخالفین مختلف ہتھکنڈوں سے گرانا چاہتے ہوں اور وہ تاجر یا ٹھیکیدار جو گورنمنٹ کے محکموں کے مختلف منصوبے مکمل کرتے ہوں اور متعلقہ افسران نے کسی نہ کسی وجہ سے رقوم دبا رکھی ہوں کمیشن کی وصولی کی خاطر ادائیگیوں میں باعث رکاوٹ بنے ہوئے ہوں۔ ان سب لوگوں کو جن کا مندرجہ بالا سطور میں ذکر کیا گیا ہے۔ اوجِ شمس کے مؤثر وقت کی روحانیت سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ انشاء اللہ انہیں اپنے اپنے مقاصد میں کامیابی ہوگی۔

اس سال اوجِ شمس کا وقت 11 جولائی 2011ء بروز پیر رات 8 بجکر 50 منٹ پر شروع ہوگا اور 12 جولائی بروز منگل رات 9 بجکر 59 منٹ تک رہے گا۔ اس دوران ہمیں منگل کا سارا دن حاصل ہوگا اور شمس کی دو ساعتیں ملیں گی۔ پہلی ساعت صبح 6 بجکر 29 منٹ پر شروع ہوگی اور 7 بجکر 38 منٹ تک رہے گی۔ دوسری ساعت شمس دوپہر 2 بجکر 39 منٹ پر شروع ہوگی اور 3 بجکر 48 منٹ تک رہے گی۔ اِن دونوں ساعتوں میں کام آسانی سے مکمل کیا جا سکتا ہے۔ اس موقع کی مناسبت سے بہت آسان عمل لکھ رہا ہوں۔

قرآن پاک کی آیت مبارکہ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ٥ سے کام لیں گے۔ بعض احادیث مبارکہ کے مطابق اس میں اسم اعظم

بقیہ صفحہ نمبر 30 پر

از تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، کاکاخیل

رحمکاریہ جفر اوجِ شمس

اس سال اوجِ شمس 11 جولائی رات 08:50 منٹ سے 12 جولائی رات 09:59 منٹ تک رہے گا۔ اس سال اوجِ شمس میں لوح فتوحات پیش کرتا ہوں۔ لوح فتوحات علم الجفر کا کمال ہے۔ ہر کام میں فتح، جس بچی کی شادی نہ ہوتی ہو، ان کے لیے پُر تاثیر عمل ہے۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(1) نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ: 1302

(2) اِنَّا فَتَحْنَالَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا: 1333

(3) رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ اَنْتَ خَیر الفاتحین: 3109

(4) طالب شعیب الرحمٰن: 712

کُل اعداد: 6456

تفریق: 2970 ، باقی: 3486 ، تقسیم: 4 ، باقی: 2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ، حاصل تقسیم: 871


871 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک ہر خانہ میں 99 کا اضافہ کرنا ہے اور ساتھ میں یَا حَلِیْمُ یَا ھُوَ کا ورد بھی ساتھ کرنا ہے۔

میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں اور میرے مرشد خادم سلطان الفقر محمد نجیب الرحمٰن سروری قادری کے حق میں دعائے خیر کریں۔

للہ ۷۸۶ اللہ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ھُو لہٗ



رحمکاریہ جفر طلسم مولانا عبدالصمد

اس سال کی سعادت اکبر نظر 6 جولائی مریخ تثلیث زحل شام 05:15 منٹ، دوسری سعادت اکبر نظر 7 جولائی 2011ء مریخ تثلیث پلوٹو شام 06:43 منٹ پر قائم ہوگی۔ تیسری سعادت اکبر نظر 9 عطارد تسدیس زحل دوپہر 01:19 منٹ پر قائم ہوگی۔ چوتھی سعادت اکبر نظر 8 اگست زہرہ تسدیس زحل صبح 07:18 منٹ پر قائم ہوگی۔ چوتھی سعادت اکبر نظر 28 اکتوبر مشتری تثلیث پلوٹو رات 09:55 منٹ پر قائم ہوگی۔ چھٹی سعادت نظر 22 نومبر 2011ء زہرہ تسدیس زحل دوپہر 01:18 منٹ پر قائم ہوگی۔ اس وقت مولانا عبدالصمد گیلانی طلسم تسخیر خلق، ترقی مرتبہ، نحوست سیارگان، کامیابی، فراخیٔ رزق کے لیے پُر تاثیر ہے۔ مطلوبہ ستارے کا


بخور جلا کر اس عمل کو کریں۔ جب یہ عمل تیار کریں تو 111 مرتبہ سورۃ واقعہ پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب میرے مرشد کامل حضرت فاطمہ زہرہ سلام اللہ کو بخشیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعا کریں۔

٧٨٦

B	۴٨	٦
١٢	٢۴	٣٦
۴٢	فاطمہ	ل


فاطمہ حضرت فاطمہ علیہ السلام


یا فتاح یا باسط یا حی یا قیوم اللہ



رحمکاریہ جفر شرفِ زحل

22 نومبر 2011ء زہرہ تسدیس دوپہر 01:18 منٹ پر قائم ہو گی۔ دوسری سعادت اکبر نظر 19 دسمبر 2011ء شمس تسدیس زحل رات 09:24 منٹ پر قائم ہو گی۔ اس وقت زحل ہندی حساب سے شرفی برج میں موجود ہے۔ یہ طاقتور نظر میں طلسم شرف زحل فتحنامہ پیش کرتا ہوں۔ یہ طلسم خاص گولڈن کاغذ پر تیار کریں یا چاندی کی پلیٹ پر لکھیں۔ اس کی تاثیر کی برکت سے ترقی مرتبہ، فراخیٔ دولت چاہے زمین سے آئے۔ مشرق، شمال، جنوب اور مغرب چاروں اطراف سے کھلیں گے۔ یہ طلسم شرف یورانس کی طرح طاقتور ہوگا۔ جن لوگوں کا برج دلو، برج جدی اور بروج کے نحوست ہو تو ان کے لیے فائدہ مند ہے۔ اس طلسم کا اثر 24 گھنٹوں میں ظاہر ہوگا۔ انشاء اللہ جب یہ طلسم بنائے جائیں تو 11 مرتبہ سورۃ یوسفؑ پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضرت یوسف علیہ السلام کو بخشیں۔ اگر یہ طلسم خود تیار نہ کر سکیں تو مجھ سے یا براہ راست عامل شاہ زنجانی صاحب سے تیار کروائیں۔ اللہ پاک آپ سب کو برکت عطا فرمائے۔







قارئین آئینہ قسمت و زنجانی جنتری کیلئے ملکہ شمعورنہ کا خاص عمل حاضر خدمت ہے۔ قارئین کرام یہ نہایت ہی طاقت ور عمل ہے۔ یہ میرا صدری و خاص الخاص عمل تھا جو آپ کو حقیقتاً کسی کتاب یا عامل کے پاس ہرگز نہ ملے گا۔ کیونکہ اس عمل کو میں نے ایک روحانی مسلمانی طاقت سے بڑی مشکل سے حاصل کیا تھا اور بعد میں اسے میں نے دو ہزار ایک میں خود کیا تھا اور جو مشاہدات و عجائبات میں نے اس عمل میں دیکھے تھے وہ کسی اور عمل میں نہ دیکھے تھے میں نے بہت سے ارواح کے عمل کیے ہیں لیکن جو لطف اس عمل میں آیا وہ کسی اور عمل میں نہیں آیا۔ یہ عمل میرے سینے کا راز تھا جو خصوصاً بالخصوص قارئین آئینہ قسمت و زنجانی جنتری کے پیار و محبت کی خاطر افشاں کر رہا ہوں تاکہ آپ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس عمل سے آپ دنیا کا ہر مشکل و ناممکن کام پل بھر میں کروا سکتے ہیں۔ اس سے آپ اپنے اور عوام کے ہر کام لے سکتے ہیں۔ حب بغض دشمن کی تباہی سنگدل محبوب کی تسخیر رشتوں کی بندش توڑوانا من پسند جگہ شادی کروانا کالے جادو سفلی جادو جنات آسیب کا خاتمہ و بچاؤ کروانا پرائز بانڈز لکی ڈرا انعامی سکیموں میں جیت حاصل کرنا یہ ملکہ شرطیہ نمبر دے گی، ہر بیماری کا علاج کروانا یعنی دنیا کے ہر کام یہ ملکہ آپ کے حکم پر کرے گی اس عمل کے ہوتے ہوئے کسی اور عمل کی حاجت نہیں رہتی جس کو یقین نہ ہو تو آزمائش شرط ہے بہرحال اس کی تفصیل بہت ہے۔ جس کیلئے کئی صفحات درکار ہیں۔ اس کو مسخر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی جمعرات سے ترک جلالی کریں۔ عمل کیلئے علیحدہ کمرہ منتخب کریں جو کہ پاک وصاف ہو خود لباس جو کہ سرخ رنگ کا ہو اور خوشبو سے معطر ہو زیب تن کریں۔ اپنے سامنے سات رنگ کی مٹھائی 7 سات گلاب کے پھول رکھیں اور ایک چراغ جس میں چنبیلی کا تیل ہو روشن کریں اور رات کے ٹھیک بارہ بجے باحصار ہو کر عمل کو سات سو اکیس دفعہ پڑھیں۔ کل سات روز کا عمل ہے۔ تیسرے دن سے عجیب مشاہدات سے واسطہ پڑتا ہے۔ لیکن خوف زدہ نہ ہوں کوئی نقصان نہ ہوگا دوران عمل بہت سی عورتیں آپ کو متوجہ کرنے کی کوشش کریں گی لیکن آپ کا دھیان پڑھائی کی طرف ہو اور نظر چراغ کی لو پر ہو ساتویں رات عمل کا زور ہوگا لیکن آپ پڑھائی جاری رکھیں جب آپ کی تعداد مکمل ہوگی تو اس کے بعد ملکہ شمعورنہ حاضر ہوگی۔ جو کہ نہایت ہی حسین و جمیل ہوگی حد درجہ گورا رنگ ہوگا کمر تک جھولتے ہوئے سیاہ بال ہوں گے۔ سرخ قدیمی وخوبصورت ریشمی لباس ہوگا آپ کو کہے گی مجھے کیوں بلایا ہے۔ آپ اس سے تمام معاہدہ کرلیں نشانی ضرور لے لیں اور طریقہ حاضری بھی پوچھ لیں اس کے بعد جب چاہیں حاضر کریں اور کام لیں۔ اگر آپ سونا چاندی کی خواہش رکھتے ہیں تو وہ بھی دے گی۔ بعض اوقات اس کے ساتھ دو خادمائیں بھی ہوتی ہیں۔ جو آپ کے پاس روزانہ آیا کریں گی آپ کو کھانا ولوازمات دے گی۔ لیکن جب آپ کو کوئی کام ہو تو ملکہ شمعورنہ کے بتائے طریقہ پر حاضر کریں۔ میں نے پوری تفصیل اس عمل کی لکھ دی ہے۔ آخر میں اتنا عرض کرتا چلوں کہ اس عمل کو بغیر اجازت ہرگز نہ کریں بغیر اجازت سے ناکامی کے ساتھ ساتھ رجعت کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا اس عمل کی اجازت محترم قبلہ شاہ زنجانی صاحب یا پھر مجھ سے لے لیں اور ہمارے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔ عمل یہ ہے۔

هیدوشِ قماطیشِ۔ شلشماشِ زبوشِ زیوشِ فارشِ

ہر سینکڑہ کے بعد سات بار یہ پڑھیں۔ اور عمل ختم کرنے کے بعد اس عزیمت کو لازمی پڑھنا ہے۔ جو یہ ہے۔

"عزمت واقسمت علیکم ایتها الملکة شمعورنه حاضر شو بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیه السلام وبحق یا بدوح یا مسخرُ یا ذوالجلال والاکرام۔ العجل الساعة الوحا۔

عملیات و تعویذات برائے حاجات

از تحریر: سید مبشر علی رضوی، ملتان

جب بھی کوئی حاجت درپیش ہو، کوئی بھی مشکل کام ہو یا مصیبت میں پھنس جائے اور نکلنا محال ہو تو مولا امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جو کوئی اس آیت کے وسیلے سے اللہ جل شانہٗ سے مانگے اور قبول نہ ہو، یہ نہیں ہوسکتا۔ اس کے آسان تین طریقے تحریر کر رہا ہوں، مجرب المجرب ہیں۔

اول طریقہ: کوئی بھی ظالم کے ظلم کا ڈر ہو، اس سے بچنے کے لیے ہر روز نماز عشاء کے بعد 70 مرتبہ پڑھیں اور 40 روز تک پڑھیں۔ انشاء اللہ چھٹکارا مل جائے گا۔ آیت یہ ہے:

یا حی یا قیوم بحق لَا اِلٰــہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَo

دوم طریقہ: اس عمل کے بعد ہر طرح کی دعا جس مقصد کے لیے ہاتھ اُٹھائے گا، وہ پوری ہوگی۔ یہ عمل 12 دن کا ہے۔ اول و آخر 12 مرتبہ درود پاک اور 12 ہزار مرتبہ اس آیات کا ورد کریں۔ اس عمل کو چاند کی اُس منزل سے شروع کریں جہاں اللہ پاک کی طرف سے روحانیت کا نزول ہوتا ہے۔

تیسرا طریقہ: اس کی قوت وتاثیر میں کوئی شک نہیں ہے۔ اس عمل کے بعد ہر دعا کا عمل با آسانی ہو جاتا ہے۔ اول و آخر 14 مرتبہ درود پاک اور 40 روز تک سوا لاکھ مرتبہ آیت کا ورد کریں۔ اس ورد پاک کا مکمل ہونے کے بعد ہر مشکل کا حل با آسانی ہو۔ جب پڑھا کرے کبھی مشکل پیش نہ آئے۔ حصول حاجات کے لیے یہ بھی مجرب عمل ہے۔ 12 دن میں اول و آخر 12 مرتبہ درود پاک اور 12 سو مرتبہ ورد کریں۔

یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبُ بِالْخَیْرُ یَا بَدِیْعُ

طریقہ: بستر طاہر پر بیٹھ کر رجوع قلب سے پڑھیں اور پھر اُسی جگہ سو رہے۔ قبل ادا کرنے سے پہلے نہائیں اور گوشت سے پرہیز کریں اور دعا کریں بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو۔

نقش مبارک سورۃ اخلاص

اس نقش کو نو چندی جمعرات میں لکھیں اور طاق دن کا روزہ رکھیں اور غسل کریں اور شیرینی پر ختم موکلوں کا دیں اور لوبان کی خوشبو ملائیں۔ اول و آخر 14 مرتبہ درود پاک اور درمیان میں چار سو مرتبہ سورۃ اخلاص کا ورد کریں۔ پھر اس نقش کو جس بھی نیک اور جائز مقصد کے لیے لکھیں گے، وہ حاجت برآئے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	لم
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا	احد

بقیہ: کمالاتِ جفر (اوجِ شمس)

پوشیدہ ہے۔ اس کے اعداد 885 ہیں۔ اس کا ایک نقش ذوالکتابت لکھیں یا عددی لکھیں۔ وہ نقش چاندی پر یا کاغذ پر زعفران سے لکھیں۔ اس نقش کی انگوٹھی بھی بنائی جاسکتی ہے اور لوح بھی تیار کر کے پاس رکھ سکتے ہیں۔ اب اپنا نام الگ الگ حروف میں لکھیں اور اس کے نیچے بار بار اسمِ الٰہی وُ دُوْ دُ لکھ کر امتزاج دیں اور چار چار کے کلمات بنا کر نقش کے چاروں طرف لکھ دیں۔ سرخ ریشمی کپڑے میں سی کر پاس رکھیں اور اس کے اثرات ملاحظہ ہوں۔

مثلاً میرا نام: س ر ف ر ا ز ا ح م د ز ا ھ د
اسم الٰہی: و د و د و د و د و د و د و د و د
امتزاج: س ورد ف ورد اوزد اوح د م ودد زواد ھودد

٧٨٦

سورد — جبرائیل — فورد

والهكم	الہ واحد	لا الہ الا	هوالرحمن الرحيم
١٠٠	٦٢٨	١٠٣	٥٤
٦٢٧	٩٧	٥٧	١٠٤
٥٦	١٠٥	٦٢٦	٩٨

وکفٰی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

روحانی مجربات

از تحریر: میاں فاروق چشتی، کراچی

دوستو! میں اپنے دیے ہوئے بزرگوں کے روحانی فیض سے آپ دوستوں کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں۔ میرے لیے دعا کیا کریں کہ میں اسی طریقے سے آپ جیسے محبت کرنے والوں کی خدمت کرتا رہوں اور آپ بھی اس روحانی فیض سے استفادہ حاصل کرتے رہیں۔ کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو شاہ زنجانی صاحب سے یا مجھ سے رابطہ کر کے معلومات کر سکتے ہیں۔

برائے دفع نظر بد

یہ دو نقش نظر بد کے لیے خاص تحفہ ہے۔ عرق گلاب زعفران سے لکھ کر نوچندی جمعرات کو بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

یاغفور


٨	١	٦
٣	۵	٧
۴	٩	٢

٧٨٦

٦	١١	٣
۴	٧	٩
١٠	٢	٨

درد ناف کے لیے

یہ نقش ناف کے لیے بہت مفید ہے۔ یہ نقش پہننے سے پہلے 4 غریبوں کو کھانا کھلانا ضروری ہے۔



بقیہ: شرف زحل

اس پر دم کریں اور رات کو اس کی تنجیم کریں۔ قبل از طلوع آفتاب اس کو اُٹھا لیں۔ مسلسل 3 دن ذکریں اور تنجیم کریں۔ تمام زندگی کے لیے ایک ایسی ڈھال آپ کو مل جائے گی۔ زندگی بھر اس کا ساتھ آپ کی زندگی میں خوشیاں بھر دے گی۔ اگر اس پر اسمائے قدوسی پڑھ کر زندگی بھر دم کرتے رہیں گے تو یقیناً آپ بادشاہوں کی طرز کی زندگی بسر کریں گے۔ ناکامی، رکاوٹ، نحوست آپ سے روٹھ جائے گی۔

فوائد لوح زحل اسمائے قدوسی و طلسمی:

☆ تمام قسم کے لڑائی جھگڑوں، دشمنیوں اور دشمن پر غلبہ اور فتح و نصرت کے لیے اور ڈر خوف ختم ہوگا۔ آپ کے اندر ایک اعتماد پیدا ہوگا۔

☆ جو لوگ فتوحات، الیکشن میں کامیابی اور خلقت میں ناموری کے لیے یا وہ لوگ جن کے پاس پیسہ ٹھہرتا نہیں ہے۔ اگر آتا ہے تو فوراً نکل جاتا ہے۔ بانڈز، لاٹری، حصول مال و دولت و انعام، غیبی امداد کے متمنی لوگ اس کو بمعہ طلسم تمام قواعد کے ساتھ چاندی کی پلیٹ پر اپنے پاس رکھیں۔

☆ غیبی الفاظ و اکرام سے نوازنا، فتح و کامیابی، صاحب لوح کا مقدر اور وطیرہ ہو جاتا ہے۔ اگر اس کے ساتھ ورد اسمائے قدوسی کو رکھے، لطف دوبالا ہو جائے گا۔

☆ الیکشن میں کامیابی، مقدمہ میں کامیابی یا کسی مقابلہ میں کامیابی کے لیے انمول تحفہ ہے۔

وہ لوگ جن کی وزارت و ملازمت جانے کا ڈر ہو یا تنزلی کا ڈر ہو یا وہ لوگ جو موجودہ وقت اچھا گزار رہے ہیں۔ اپنے مقام کو مقدم و امتیاز اور استحکام کے لیے ہوائی جہاز کے سفر، مشینوں پر کام کرنے والے، ڈرائیور یا وہ حضرات جنہیں دوران کام یا سفر چوٹ لگنے کا اندیشہ یا جان جانے کا مکمل لوح تحفظ کا کام دیتی ہے۔

خاص کر دو محبت کرنے والے، شادی شدہ جوڑوں کے تحفظ، میاں بیوی کی ناچاقیوں، نوبت طلاق۔ اس لوح کی برکت اور روحانیت سے ان کے درمیان اختلافات ختم ہو جائیں گے اور وہ ایک مثالی زندگی بسر کریں گے۔ ان کے اختلافات محبت میں تبدیل ہو جائیں گے۔

اس لوح کو عین شرفات کے اوقات میں چاندی یا سیسہ کی پلیٹ پر کندہ کریں۔ کیونکہ اس نے زندگی بھر آپ کا ساتھ دینا ہے۔ لوح کی پشت پر طلسمات کندہ کریں۔ طلسمات کی وجہ سے لوح کی باقاعدہ اجازت لینا ضروری ہے۔ اس کے لیے اجازت حضرت شاہ زنجانی سے ضرور طلب کریں۔ تاکہ طلسمات اپنا بھرپور طاقت کا مظاہرہ کر سکیں۔ بغیر اجازت کے طلسمات اپنا کام نہ کر پائیں گے۔

قارئین کرام! ماہ اکتوبر تک مزید معلومات زحل آپ تک پہنچاتا رہوں گا۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔



بحیثیت آل نبی ﷺ و اولاد علیؑ ہونے کے بچپن و جوانی ذکر و فکر فقرائے اکرام کے قدموں میں گزرا۔ ناچیز کو محمد و آل محمد کے صدقہ میں جو قیمتی راز عملیات کی صورت میں ملے ان میں سے ایک انتہائی قیمتی عمل برائے "ہمہ قسم کے نشہ سے دنوں میں چھٹکارا" کا عمل لکھ رہا ہوں۔ عمل کی طاقت کتنی ہے۔ یہ تو عمل کرنے کے بعد آپ پر خود ہی واضح ہو جائے گا۔ طریقہ کار اس طرح سے ہے:

(1) سطر اول میں سائل بمعہ والدہ و مقصد بسط حرفی کر کے لکھیں۔

(2) سطر دوم میں حروف صوامت بساط حرف کر کے لکھیں۔

(3) دونوں سطور کو آپس میں امتزاج دے لیں اور تکسیر جفری کریں۔

مثال کے طور پر علی بستم پروین

ع ۔ ل ۔ ی ۔ ب ۔ س ۔ ت ۔ م ۔ ھ ۔ ر ۔ و ۔ ی ۔ ن

ا ۔ ح ۔ د ۔ ر ۔ س ۔ ص ۔ ط ۔ ع ۔ س ۔ ل ۔ م ۔ و ۔ ہ

لہٰذا امتزاجی سطر یوں ہوگی۔

ع ا ل ح ی د ب ر س س ت ص م ط ھ ع ر ک و ل ی م ن و ہ

چونکہ پچیس حروف ہیں، لہٰذا سطریں نو ہوں گی۔

اب تمام سطروں کے اعداد نکال کر مثلث آبی، خاکی، آتشی، بادی میں پُر کر لیں مگر سطر کے اوپر یہ سب تعویذ کندہ کیے جائیں گے۔ آتشی تعویذ کو کم از کم 9 دن کے لیے کسی چولہے میں دفن کر دیں۔ جس میں دن میں دو تین بار آگ جلتی ہو۔ خاکی چال کے تعویذ کو نیلے رنگ کی شیشی میں بند کر کے ندی نہر میں پھینک دیں اور بادی نقش کو کسی گھنا اور سایہ دار درخت کے اوپر باندھ دیں۔ اب باقی بچیں تکسیریں جو کہ سطروں کے لحاظ سے نویں (9) روز ایک سطر پانی میں گھول کر مریض کو پلا دیں۔

انشاء اللہ ایسی بندش ہوگی کہ مریض نشے سے اس طرح نفرت کرنے لگے گا جیسے ایک عقلمند آدمی مرے ہوئے بدبودار کتے سے نفرت کرتا ہے۔

جہاں آپ نے اپنے مریض کے اتنے علاج کیے ہیں۔ وہاں ایک مرتبہ اللہ جل جلالہٗ کے حروف کی طاقت بھی آزما کر دیکھیں۔

ضروری وضاحت :نقوش کے اردگرد سطرِ زمام کا حصار دیا جائے گا۔ جو بندہ یہ نقوش لکھے وہ دورانِ عمل سیاہ لباس پہنے۔ نیم اندھیرے کمرے میں بیٹھ کر نقوش لکھے جائیں۔ عمل لکھنے سے پہلے سوا کلو موٹے گوشت کو ہلدی لگا کر قبرستان میں پھینکا جائے۔ عمل تھوڑا مشکل ہے، مگر جاننے والے جانتے ہیں۔ علم جفر کے اعمال ننگی تلوار ہوتے ہیں۔

اظہارِ تعزیت

معروف پامسٹ جناب مطیع الرحمٰن صاحب، جفار شاہد الیاس سلیمی صاحب (مضمون نگار آئینہ قسمت) اور عامل قمر جاوید گل صاحب (مضمون نگار آئینہ قسمت) پچھلے دنوں اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ مرحومین نہایت قابل، محنتی، ملنسار، پارسا شخصیت کے مالک تھے۔

خاندان زنجانیہ اور اراکین ادارہ آئینہ قسمت تینوں خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ دعا ہے اللہ ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین) قارئین سے التماس ہے کہ مرحومین کے بلند درجات، روح کے ایصال ثواب کیلئے ایک بار سورۃ فاتحہ، تین بار سورۃ اخلاص، اول و آخر درود شریف پڑھ کر فاتحہ خوانی کریں۔ شکریہ

نتائج: صاحبِ زائچہ حکمران ہوگا یا دولت، طاقت اور اثر و رسوخ میں اُس کا ہم پلہ ہوگا۔

راج یوگ نمبر تین میں مثالی زائچہ 8 اگست 1912ء وقت 07:23pm کے مطابق دیکھا جاسکتا ہے، اس زائچے میں طالع دلو ہے، قمر زحل کے ساتھ چوتھے گھر برج ثور میں شرف یافتہ ہے اور مشتری دسویں گھر عقرب میں موجود ہے، ساتویں گھر میں مریخ، عطارد اور زہرہ موجود ہیں، زہرہ اور مریخ ساتویں گھر میں راج یوگ تشکیل دے رہے ہیں، شرف یافتہ قمر اور مشتری گج کیسری یوگ بھی بنا رہے ہیں لیکن اس راج یوگ میں سیاسی طاقت اور اثر و رسوخ ہرگز نہیں ہے کیوں کہ شمس ساتویں کا مالک ہوکر چھٹے میں ہے جس کا دسویں کے مالک مریخ سے کوئی رابطہ نہیں ہے، مریخ بلاشبہ دسویں گھر کا ناظر ہے اور مشتری اور قمر پر بھی اُس کی نظر ہے لیکن سیاسی قوت سے راج یوگ عاری ہے، اس کے علاوہ وہ سارے نتائج دے سکتا ہے جو راج یوگ سے حاصل ہوسکتے ہیں، صاحبِ زائچہ نے ایک صنعت کار کی حیثیت سے بہت دولت کمائی اور بڑا عروج حاصل کیا۔

6) شرف یافتہ زحل خانہ ہائے اوتاد یا تثلیث میں قابض ہو اور دسویں گھر کا مالک اُس کا ناظر ہو۔

نتائج: صاحبِ زائچہ حکمران یا حکمران کے مساوی ہوگا۔

7) قمر دوسرے یا تیسرے میں مریخ سے قران کرے اور راہو پانچویں پر قابض ہو۔

نتائج: صاحبِ زائچہ حکمران یا حکمران کے مساوی ہوگا۔

تبصرہ: راج یوگ کی یہ شکل بھی کلاسیکل نصاب میں موجود ہے جو یقیناً قابلِ توجہ بھی ہے اور قابلِ اعتراض بھی، ہماری نظر سے ایسے دو تین زائچے گزرے ہیں مگر ہم نے صاحبِ زائچہ کو بہت برے حالوں میں پایا ہے۔

اگر طالع سے دوسرے یا تیسرے میں چندر منگل یوگ ہوگا اور راہو پانچویں میں ہوگا تو راہو پر دوسرے گھر کے مریخ کی نظر مزید خراب یوگ کا سبب بنے گی، ویسے بھی پانچویں میں راہو کی موجودگی بچوں کے لیے اچھی نہیں ہوتی، گویا یہ کہ مریخ بھی ناظر ہو، مذکورہ راج یوگ شاید عام اصول سے مُستثنیٰ ہے، ممکن ہے بعض زائچوں میں راج یوگ ظاہر ہوتا ہو مگر برائے نام۔

8) مشتری لازماً طالع سے پانچویں میں اور قمر سے کسی کیندر میں ہو جب کہ طالع پر قابض برج ثابت ہو اور اُس کا حاکم دسویں میں ہو۔

نتائج: صاحبِ زائچہ یقیناً حکمران یا حکمران کے مساوی حیثیت کا مالک ہوگا۔

از تحریر: محمد عمیر مغل، لاہور

تاریخ ہجری سے ایام ہفتہ معلوم کرنے کا آسان حل

سال قمری ہجری کسر اعشاریہ میں 354.3670667 ایام شمسی کا ہوتا ہے۔ یعنی 354 ایام 08 گھنٹے 48 منٹ 34.56 سیکنڈ کا شمار کیا گیا ہے۔ ایک ماہ قمری 29.530589 ایام کا ہوتا ہے۔ دن معلوم کرنے کے لیے مطلوبہ ہجری کے ایام بنا کر سات پر تقسیم کریں، جو باقی بچے اُس سے دن معلوم کیجیے۔

مثال 1: تاریخ ہجری 25 جمادی الاول 1411ھ ہے، ایام ہفتہ معلوم کرنا ہے۔ اب سال 1411ھ ہے، پانچویں مہینے جمادی الاول کی 25 تاریخ۔

1410 × 354.3670667= 499657.5640

(1410 سال جو گزر چکے ہیں، اُن کے ایام قمری بنائے)

جدول اول سے 4 مہینوں کے دن دیکھے تو 118.12 ایام ملے وہ 1410 سال قمری کے ایام میں جمع کیے تو 499775.684 حاصل ہوئے۔ اس میں جمادی الاول کے 25 دن بھی جمع کیے تو کل 499800.684 ہوئے۔ اس سے معلوم ہوا کہ 25 جمادی الاول 1411ھ تک 499800.684 قمری ایام گزر چکے ہیں، اگر حاصل شدہ قمری ایام میں سے کسر چھوڑ دی جائے تو زیادہ بہتر جواب تقسیم سے ملے گا 499800 ایام کو سات پر تقسیم کیا تو مکمل تقسیم ہوا جس کو جدول ایام ہفتہ میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ 25 جمادی الاول 1411ھ کو جمعرات کا دن تھا۔

ایام ہفتہ کا جدول:

باقی بچے اعداد	صفر	1	2	3	4	5	6
ایام ہفتہ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار	سوموار	منگل	بدھ

مہینوں کا جدول:

مہینے	1	2	3	4	5	6
قمری یوم	29.53	59.06	88.59	118.12	147.65	177.18

مہینے	7	8	9	10	11	12
قمری یوم	206.71	236.24	265.77	295.3	324.83	354.36

مثال 2: یکم محرم 1433ھ۔ دن معلوم کرنا ہے۔

1432 × 354.3670667= 507453.6395

جمع ایک دن (محرم کا) 507454.6395

کل ایام قمری 507454 تقسیم سات، باقی بچا 3، جدول میں دیکھا تو دن اتوار ملا۔ اس طرح یکم محرم 1433ھ، دن اتوار، 27 نومبر 2011ء کو ہوگا۔

بقیہ: آئمہ اور کاروبار

اپنی قوم میں منتقل فرماتے۔ کبھی کھیتوں میں پانی دیتے اور کبھی مٹی اور گارے کا کام کرتے، اکثر دوپہر کے وقت اپنے کسبِ معاش کی طرف نکلتے تھے کیونکہ آپ چاہتے تھے کہ مالِ حلال کی طلب میں خود زحمت و مشقت اُٹھائیں۔ اسی طرح آپ نے روزی کے لیے جفاکشی کی تعلیم دی۔ آپ کھجوروں کے باغ لگاتے اور اس کو فروخت کرتے تھے اور اس کی قیمت سے غلاموں کو خرید کر آزاد کرتے تھے۔ اس طرح آپ نے ایک ہزار غلام اپنی ذاتی کمائی سے آزاد کیے۔ جس میں دستِ مبارک خاک آلود اور جبینِ مبارک عرق ریز ہوتی تھی۔ حضرت غلاموں کو آزاد کر دینے پر اکتفا نہ فرماتے تھے بلکہ محتاجوں، غلاموں کی کفالت بھی اپنے ذمہ لیتے تھے اور ان پر اس قدر مہربان اور شفیق تھے کہ یہ گمان تک نہیں ہوتا تھا کہ کسی قصور پر انہیں سزا بھی دی۔

محمد باقر علیہ السلام بھی کسبِ معاش فرماتے تھے۔ محمد بن مکندار نامی ایک شخص جو اپنے آپ کو بڑا متقی، پرہیزگار، زاہد و عبادت گزار اور تارکِ دنیا سمجھتا تھا۔ اس کا بیان ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو دیکھا۔ میں نے چاہا کہ امام کو کچھ نصیحت کروں مگر اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت نے خود میری ہدایت فرمائی۔ لوگوں نے دریافت کیا کہ واقعہ کیا ہے۔ اس نے کہا میں سخت گرمی کی شدت میں اپنی کسی ضرورت سے مدینہ کے بعض اطراف سے نکلا، راستے میں امام محمد باقر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ حضرت ذرا تنومند اور جسیم تھے اور اس وقت دو خادموں کے سہارے جا رہے تھے۔ میں نے اپنے دل میں کہا اللہ اکبر ایک اتنا بزرگ آدمی مرتبہ شخص جو بزرگانِ قریش میں سے ہے۔ اس وقت ایسی حالت میں طلبِ دنیا میں مصروف ہے۔ خیر میں اس کو نصیحت کروں گا۔ خیر میں حضرت کے قریب ہوا اور سلام کیا۔ حضرت نے جواب دیا۔ اس حالت میں کہ سانس آپ کی پھولی ہوئی تھی اور پسینہ ٹپک رہا تھا۔ میں نے کہا خدا آپ کے امور کی اصلاح کرے۔ آپ ایک بزرگ مرتبہ آدمی ہیں، بزرگانِ قریش میں سے ہیں۔ آپ ایسی حالت میں آپ کا پیغامِ موت آ جائے تو پھر کیا ہوگا؟ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اگر مجھے اس حالت میں موت آ جائے تو کیا حرج ہے؟ اس لیے کہ اس صورت میں وہ موت مجھے آئے جو اللہ کی اطاعت میں مصروفیت کے عالم میں ہے جس کے ذریعہ میں اپنے اور اپنے اہلِ و عیال کو دوسروں سے بے نیاز کرنا چاہتا ہوں۔ بیشک میں اس وقت ڈرتا ہوں جب میں اللہ کی نافرمانیوں میں سے کسی کی نافرمانی میں مصروف ہوتا ہوں۔ میں نے کہا: سچ فرمایا۔ میں نے تو چاہا تھا کہ آپ کو نصیحت کروں گا۔ حقیقتاً آپ ہی نے مجھے ہدایت فرما کر مرہونِ منت فرمایا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام دوپہر کے وقت بازار کی طرف تشریف جا رہے تھے اور پسینہ حضرت کی پیشانی سے رواں تھا۔ ایک شخص جو بظاہر خود کو راہبرِ زمانہ شمار کرانا چاہتا تھا۔ اُس نے راستے میں آپ کا رُخ بازار کی طرف دیکھ کر کہا کہ آپ یہ مشقت اُٹھا کر طلبِ دنیا کے لیے جا رہے ہیں۔ آپ کو یہ اندیشہ نہیں ہے کہ اس عالم میں آپ کو موت آ جائے اور دنیا سے اس صورت میں جائیں۔ یہ وہ زاہدانِ زمانہ تھے جو زیرِ سایہ سلطنت پرورش پا رہے تھے تو حضرت رک گئے اور اس سے فرمایا: اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ارشاد فرمایا: اے شخص اگر میں اس حالت میں اس دنیا سے رخصت ہو جاؤں تو میں اللہ کو گواہ کروں گا کہ میں اس کی عبادت سے اُٹھا ہوں۔ یہ گویا مژدہ ہے ان لوگوں کے لیے جو جائز ذرائع سے محنت و مشقت کرتے ہیں۔ آپ نے مزید فرمایا: کیا تم چاہتے ہو کہ میں تمہاری طرح مفت خوری کا عادی ہو کر خلقِ خدا پر بار بنوں۔

اسی طرح مزدوروں کا لباس پہنے ہوئے اور اپنے ہاتھوں میں بیلچہ سنبھالے ہوئے امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے باغ کے کاموں میں پوری طرح سرگرم تھے۔ زیادہ دیر تک کام کرنے کی وجہ سے ان کا تمام جسم پسینہ سے تربتر تھا۔ اسی اثناء میں ابوعمر شیبانی اس جگہ آ گئے اور دیکھا کہ امامؑ کے جسم سے پسینہ ٹپک رہا ہے۔ انہوں نے سوچا شاید مزدور نہ ہونے کی وجہ سے امامؑ نے باغ کا کام خود کرنا شروع کر دیا ہے۔ چنانچہ وہ آگے بڑھے اور عرض کیا یہ بیلچہ مجھے دے دیجیے، باقی کام میں کر دوں گا۔

امامؑ نے فرمایا: نہیں، میں دراصل اس چیز کو بہت پسند کرتا ہوں کہ انسان روزی حاصل کرنے کے لیے خود تکلیف اُٹھائے اور کسبِ معاش کے سلسلے میں دھوپ کی شدت برداشت کرے۔

امام زین العابدین علیہ السلام ایک روز صبح صبح روزی کی تلاش میں گھر سے باہر نکلے۔ لوگوں نے سوال کیا فرزندِ رسول ﷺ کہاں جا رہے ہیں۔ آپؑ نے جواب دیا: میں اپنے گھر سے نکلا ہوں تاکہ اہل و عیال کی طرف سے صدقہ دوں۔ لوگوں نے دریافت کیا: فرزندِ رسول ﷺ کس طرح صدقہ دیں گے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص حلال روزی کماتا ہے۔ خداوند تعالیٰ کی طرف سے اس کے نامۂ اعمال میں صدقہ کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اپنے کھیت میں کام کر رہے تھے۔ وہ کھیت کی زمین کی اصلاح میں ہمہ تن مصروف تھے، ان کا سارا جسم پسینے میں ڈوبا ہوا تھا، اسی اثناء میں علی بن ابی حمزہ نامی ایک شخص امامؑ کے قریب پہنچے اور عرض کیا: میری جان آپؑ پر قربان ہو جائے۔ آپ نے یہ کام دوسرے لوگوں کے سپرد کیوں نہیں کر دیا؟ آخر میں اس کام کو دوسرے لوگوں کے سپرد کیوں کروں؟ مجھ سے بہتر لوگوں نے بھی ہمیشہ اس قسم کے کام خود ہی انجام دیے ہیں۔ مثلاً وہ کون لوگ ہیں؟

رسولِ خدا ﷺ، امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام اور ہمارے آباؤ اجداد میں سبھی لوگوں نے اس قسم کی خدمات انجام دی ہیں۔ بنیادی طور پر کھیتوں میں کام کرنا

پیغمبرانِ خدا، ان کے نوابین اور دیگر بندگانِ خدا کی سیرت رہی ہے۔

آئمہ معصومین علیہم السلام ایسے شخص کے لیے دعا بھی نہیں فرماتے تھے جو اپنی روزی کے لیے کاروبار نہ کرے اور کسبِ معاش کے لیے کوشاں نہ ہو۔ ایک شخص نہایت اضطراب و پریشانی کے عالم میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں بہت غریب اور فقیر ہوں، آپ میرے لیے دعا کر دیں تا کہ پروردگار میرے رزق میں وسعت دے دے اور مجھے تمام پریشانیوں سے نجات مل جائے۔

امامؑ نے ارشاد فرمایا: میں تیرے لیے ہرگز دعا نہ کروں گا۔

اس شخص نے ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے کہا۔ مولا علیہ السلام آخر کیا وجہ ہے کہ آپ میرے لیے دعا نہیں کریں گے؟ امامؑ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔ تجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ پروردگارِ عالم نے اس کام کے لیے ایک راستہ معین کیا ہے۔ اس نے حکم دیا ہے کہ تلاشِ معاش کے لیے گھر سے باہر نکل پڑو اور محنت سے کام لو اور تو یہ چاہتا ہے کہ گھر سے باہر نکل کر تلاشِ معاش کی بجائے دعا کے زور سے روزی کو اپنے گھر ہی بلا لے۔

عام طور سے لوگوں کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ بغیر سرمایہ کے کوئی کاروبار ممکن نہیں۔ لیکن معصومؑ نے ایک ایسے شخص کو اس طرح ہدایت فرمائی۔ جب وہ خدمت امام جعفر صادق علیہ السلام میں آ کر اپنی تنگدستی کی شکایت کرتا ہے تو آپ نے فرمایا: تو کوفہ واپس پہنچے تو ایک دکان کرایہ پر لے اور اس میں بیٹھ۔ اس نے عرض کیا میرے پاس سرمایہ نہیں۔ آپؑ نے فرمایا: تجھے اس سے کیا؟ جو کچھ تجھ سے کہا گیا ہے اس کی تعمیل کر۔ اس نے ایسا ہی کیا اور ایک دکان میں بیٹھ گیا۔ ایک شخص کوئی جنس لے کر اس کے پاس آیا اور اس نے اس سے کہا، اسے خرید دو گے۔ وہ بولا: میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ صاحبِ جنس نے کہا: پیسے بیچنے کے بعد دے دینا اور اپنا حق عمل بھی وصول کر لینا۔

ایک دوسرا شخص کوئی اور جنس لے کر آیا، پھر تیسرا، پھر چوتھا۔ دوسری طرف سے خریدار بھی آ گئے اور تھوڑی ہی دمت میں اس کے پاس کافی سرمایہ ہو گیا اور اس کے حالات سنور گئے۔

موجودہ زمانے میں سب سے پیچیدہ مسئلہ بے روزگاری اور معاشی بدحالی ہے۔ اگر انسان کے لیے معاشی خوش حالی ہے تو وہ روحانیت کو بھی اسی عالم میں فروغ دے سکتا ہے۔ انسانی زندگی کے اقتصادی پہلو اور روحانی پہلو کا متوازن ارتقاء اسلام ہے۔ قرآنِ مجید میں جہاں نماز کا حکم ہے، وہیں ایتاء زکوٰۃ کا بیان ہے۔ یعنی اسلام جہاں نماز سے روحانی سربلندی چاہتا ہے، وہاں انسان کو معاشی طور پر اتنا ہی اونچا دیکھنا چاہتا ہے کہ وہ مالی استطاعت سے تین مالی عبادات بجالا سکے۔ خمس، زکوٰۃ اور حج۔

نسخہ کیمیا

از تحریر: صوفی مشتاق احمد چشتی صابری، لاہور

یہ نسخہ کیمیا اُن لوگوں کے لیے جو کہ مقروض ہیں یا بچے بچیوں کی شادی کرنے سے بغیر دولت کے تنگ ہیں۔ جواری یا کنجوس شخص یہ عمل کرنے کی کوشش نہ کرے، اُلٹا نقصان ہوگا۔ بغیر اجازت بھی یہ عمل نہ کریں، کسی عامل یا کسی سیّد زادہ سے اجازت حاصل کر کے یہ عمل کریں اور دولت کے مزے لیں اور غرباء اور مساکین کو نہ بھولیں۔ یہ عمل پانچ وقت نماز کے بغیر کامیاب نہیں ہوگا۔ عمل دیکھنے میں چھوٹا ہے لیکن ہے بہت قیمتی اور پائیدار۔ اب اصل مقصد کی طرف آتے ہیں۔

بعد نماز عشاء خلوت میں قمری مہینہ کی دس تاریخ سے پہلے اس عمل کی ابتداء کریں اور پورے اکیس یوم کا چلہ ہے۔ اول درود ابراہیمی طاق بار، پھر قرآن کی مندرجہ ذیل آیت 2179 بار تلاوت کریں اور بعد میں اس آیت کے اعداد کا نقش مربع پُر کر کے آیت کے اعداد مذکورہ بالا ہی اپنے پاس بحفاظت رکھ لیں۔ دوسرے دن جب دوبارہ بیٹھیں تو اس نقش کو مصلے کے دائیں جانب نیچے رکھ دیں اور چلہ سے فارغ ہو کر نیا نقش لکھیں اور پہلے والا نقش اُٹھا کر کسی علیحدہ جگہ پر محفوظ کر لیں۔ پھر ہر اس عمل کو دہراتے رہیں۔ آپ کا اکیس دن کا عمل پورا ہو جائے، تمام نقش اکٹھے کر کے آٹے کی گولیوں میں ڈال کر دریا، نہر وغیرہ میں ڈال دیں۔ آخری یوم والا نقش اپنے پاس خوشبو وغیرہ سے معطر کر کے اپنے پاس یا گھر میں کسی پاک جگہ پر چھپا کر رکھ دیں۔ انشاء اللہ اُسی دن سے آپ پر اللہ پاک کی رحمت کی بارش شروع ہو جائے گی۔ پھر اس دن کے بعد ہر نماز کے بعد 72 مرتبہ یا باسط کا وِرد کیا کریں۔ ہر قسم کی بندشوں، تنگ دستیوں اور تکلیفوں سے نجات ہو گی۔ آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز اور آئینہ قسمت کی پوری ٹیم کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

اِنَّ اللّٰہ ھُوَ الرزاقُ ذُوالقُوَّۃ المتین ٥